پرمیسودی سجورنو سب کے لیئے۔ پرمیسودی سجورنو فوراً

بریشیاء کے پریفتیورا نے 2012 والی امیگریشن میں جمع کروائے گئے کاغذات میں سے 80% فیصد لوگوں کے کاغذات رد کردیئے ہیں۔ جبکہ اس کے برعکس پورے اٹلی میں 70 سے 80 فیصد لوگوں نے پرمیسودی سجورنو لے لی ہے۔ حالیہ دنوں وزارت داخلہ کے اعلیٰ افسر نے اس بات کا اعتراف کرتے ہوئے کہا ہے کہ بریشیاء کے پریفتیورا نے امیگریشن سے متعلق نہایت غلط اور غیر ملکیوں کے خلاف کام کیا ہے۔

قویستورا بھی بوسی۔فینی قانون لاگو کرتے ہوئے ہزاروں لوگوں سے پرمیسودی سجورنو واپس لے رہا ہے جنہوں نے مالی بحران کی وجہ سے کام کھودیا ہے۔ اس طرح ہزاروں غیر ملکی پرمیسودی سجورنو کے بغیر کسی بھی وقت حقوق کے بغیر ملک بدر کیئے جاسکتے ہیں۔

اب وقت آگیا ہے کہ متحد ہو کر حقوق کے حصول کے لیئے باہر نکلیں اور اگر مزید انتظار کیا گیا تو اس نا قابلِ برداشت صورتحال کو تبدیل کرنا ناممکن ہو جائے گا۔ آئے دن غیر ملکیوں کے خلاف نت نئے قانون بنائے جا رہے ہیں اور سہولیات کی بجائے دشواریاں پیدا کی جا رہی ہیں اور ہمیں اس بات کی کوئی پرواہ نہیں۔ نہ وکلاء کو عدالت کے لیئے ہزاروں یورو دینے سے اور نہ ہی دو گھنٹوں کے جلوس وغیرہ سے یہ صورتحال تبدیل ہو سکتی ہے۔ آخر ہم کب تک ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہیں گے؟ کب تک یہ ظلم و زیادتی برداشت کرتے رہیں گے؟ اب ہمیں جرأت و ہمت کے ساتھ عملی طور پر اپنے حقوق کے حصول کے لیئے ایک مستقل میعاد تک دھرنا دینا ہے جب تک کہ تمام لوگ اپنی پرمیسودی سجورنو حاصل نہ کرلیں۔

نسلی عصبیت و بوسی۔فینی قانون کا خاتمہ

21 مارچ بروز ہفتہ شام 4:00 بجے پیاسا لو جا بریشیاء میں پرمیسودی سجورنو کے حصول کے لیئے دھرنا دیا جائے گا۔ تمام دوستوں جن کے پاس کاغذات ہیں یا نہیں سب سے شرکت کی خصوصی اپیل ہے۔

Associazione Diritti per Tutti, Coordinamento immigrati CGIL, Associazione dei senegalesi di Brescia e provincia, Associazione culturale islamica Muhammadiah